© rasailojaraid.com



جو اُڑا تو بن کے نوائے کُو
میں ہزار بار سُنا گیا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

رُخِ ماہ جبیں میں حیا بنا
کسی سنگ دل میں جفا بنا

کسی نازنیں کی ادا بنا
دلِ عاشقاں میں وفا بنا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

کہیں رخ سے پردہ اٹھا دیا
کہیں لب سے نغمہ سنا دیا

کہیں زد پہ دل کبھی آ گیا
تو نگاہ کا تیر چلا دیا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

کبھی برق بن کے چمک گیا
جو کمر بنا تو لچک گیا

کبھی ہو کے چال مٹک گیا
دلِ زار تھا کہ پھڑک گیا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

کسی گل سے گفت و شنید میں
دمِ یاس شکل امید میں

لبِ لعل گوں کی مکید میں
مجھے تو نے کیسا مزا دیا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

تو سحاب بن کے برس گیا
مری کشتِ دل کو ہرا کیا

کبھی برق بن کے جلا دیا
کبھی نور تھا کبھی نار تھا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

کبھی درد بن کے سوا ہوا
غم و رنج و آہ و بکا ہوا

کسی غم زدہ کی دعا ہوا
تو شکستِ دل کی صدا ہوا

مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو ہی غزنوی تھا ایاز تھا تو ہی ناز تھا تو نیاز تھا
تو ہی سوز تھا تو ہی ساز تھا تو ہی حسن و عشق کا راز تھا
مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

تو چمن میں گل کبھی خار تھا دم نے تھا بانگِ ہزار تھا
تو خزاں تھا فصلِ بہار تھا تو جہاں میں لیل و نہار تھا
مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

تو جہاں کے راگ کا ساز تھا تو عدم میں ہست کا راز تھا
تو عجیب شعبدہ باز تھا کہ طلسم دہر بنا دیا
مجھے یاد ہے مجھے یاد ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# ایک بے کس کی موت پر!!

مرنے والے یہ بے لبسی تیری ہائے اس درجہ بے کسی تیری
کاش تو کُنجِ باغ میں مرتا جاں فدائے جہانِ بُو کرتا
نالہ اٹھتا زبانِ سوسن سے چشمِ نرگس سے اشکِ خوں گرتے
دل میں لالہ کے داغ ہو جاتا غنچہ سرگرمِ کاغ ہو جاتا
نعش پر آبدیدہ گل ہوتے جیب و داماں دریدہ گل ہوتے
گریہ سامانی سحر ہوتی! چاک دامانی سحر ہوتی
گر سیہ پوش شامِ غم ہوتی گریاں شبنم سپیدہ دم ہوتی
بلبلیں تیری نوحہ خواں ہوتیں خونِ دل سے گہر فشاں ہوتیں
صحنِ گلشن میں شور و غل ہوتا شورِ ہنگامۂ قیامت سا
قمریاں سرو پر صنوبر پر باہم شمشاد و فرشِ اذخر پر
تیرے ماتم میں نوحہ گر ہوتیں محوِ زاری بچشمِ تر ہوتیں
بھنورا ہر سو ہوا میں اڑ اڑ کر بین کر ماتمی سیہ چادر!
اشکِ حسرت بکھیرتا جاتا بینِ ماتم میں چھیڑتا کیا کیا
برگِ گل سے بناتے تیرا کفن مل کے پڑھتے جنازہ مرغِ چمن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرشِ گل پر تجھے لٹا دیتے — اور تھپک کر تجھے سلا دیتے
چاندنی چادرِ ضیا ہوتی — تیرے مرقد پہ کیا فضا ہوتی
طائران ہوا اڑا کرتے — تیرے بالیں پہ فاتحہ پڑھتے

کوئی جگنو چراغ ہو جاتا
تو جو محوِ فراغ ہو جاتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ ۱۹۵۰ء میں اس غرض سے قائم کیا گیا تھا کہ دورِ حاضر کے بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اسلامی فکر و خیال کی از سرِ نو تشکیل کی جائے اور یہ بتایا جائے کہ اسلام کے بنیادی اصولوں کو کس طرح منطبق کیا جا سکتا ہے۔ یہ ادارہ اسلام کا ایک عالمگیر، ترقی پذیر اور معقول نقطۂ نگاہ پیش کرتا ہے تاکہ ایک طرف جدید مادہ پرستانہ رجحانات کا مقابلہ کیا جائے جو خدا کے انکار پر مبنی ہونے کی وجہ سے اسلام کے روحانی تصورات حیات کی عین ضد ہیں۔ اور دوسری طرف اس مذہبی تنگ نظری کا ازالہ کیا جائے جس نے اسلامی قوانین کے زمانی اور مکانی عناصر و تفصیلات کو بھی دین قرار دے دیا ہے اور جس کا انجام یہ ہوا کہ اسلام ایک متحرک دین کے بجائے ایک جامد مذہب بن گیا۔ یہ ادارہ دین کے اساسی تصورات اور کلیات کو محفوظ رکھتے ہوئے ایک ایسے ترقی پذیر معاشرہ کا خاکہ پیش کرتا ہے جس میں ارتقائے حیات کی پوری پوری گنجائش موجود ہو۔ اور یہ ارتقاء انہی خطوط پر ہو جو اسلام کے معین کردہ ہیں۔ اس ادارہ میں کئی ممتاز اہلِ قلم اور محققین تصنیف و تالیف کے کام میں مشغول ہیں۔ ان کی لکھی ہوئی جو کتابیں ادارہ سے شائع کی گئی ہیں ان سے مسلمانوں کے علمی اور دانشمندی کارنامے منظرِ عام پر آ گئے ہیں اور اسلامی لٹریچر میں نہایت مفید اور خیالات آفریں مطبوعات کا اضافہ ہوا ہے۔ اور ان مطبوعات کو علمی حلقوں میں بہت پسند کیا گیا ہے۔ ادارے نے مطبوعات کی ایک فہرست شائع کی ہے جس میں کتابوں کے متعلق تعارفی نوٹ بھی درج ہیں تاکہ ان کی اہمیت و افادیت کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

## مطبوعات

### ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم

**حکمتِ رومی:** مولانا جلال الدین رومی کے افکار و نظریات کی حکیمانہ تشریح۔ قیمت ۵۰ء ۳ روپے۔

**تشبیہاتِ رومی:** اس میں بہت تفصیل کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ رومی نے باطنِ فطرت دلکش تشبیہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے کام لے کر فلسفۂ حیات اور کائنات کے اسرار کس آسانی سے حل کر دیتا ہے۔ قیمت ۸ روپے

اسلام کا نظریۂ حیات: خلیفہ صاحب کی انگریزی کتاب 'اسلامک آئیڈیالوجی' کا ترجمہ، قیمت ۸ روپے

## مولانا محمد حنیف ندوی

مسئلۂ اجتہاد: قرآن۔ سنت۔ اجماع۔ تعامل اور قیاس کی فقہی قدر و قیمت اور ان کے حدود پر ایک نظر

قیمت ۲ روپے

افکارِ غزالی: امام غزالی کے شاہکار 'احیاء العلوم' کی تلخیص اور ان کے افکار پر سیر حاصل تبصرہ۔ قیمت ۵۰ر۸ روپے

سرگزشتِ غزالی: امام غزالی کی 'المنقذ' کا اردو ترجمہ۔ قیمت ۳ روپے۔

تعلیماتِ غزالی: امام غزالی کی بے نظیر تصنیف 'احیاء' کے مطالب کی آزاد اور توضیحی تلخیص قیمت ۱۰ روپے

افکارِ ابنِ خلدون: عمرانیات اور فلسفۂ تاریخ کے امامِ اوّل ابن خلدون کے تنقیدی، عمرانی اور دینی و

علمی خیالات و افکار کا ایک تجزیہ قیمت ۲۵ر۴ روپے

عقلیاتِ ابنِ تیمیہ۔ قیمت اخباری کاغذ ۶ روپے۔ سفید ۸ روپے

مکتوبِ مدنی: قیمت ۵۰ر۱ روپے۔

## مولانا محمد جعفر پھلواروی

اسلام دینِ آسان: حضور اکرمؐ کے فرمان کے مطابق دین آسان سی چیز ہے۔ اسی مبحث پر یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ قیمت ۳ روپے۔

مقامِ سنت: وحی۔ حدیث۔ اتباعِ سنت۔ مسائلِ حدیث۔ اطاعتِ رسولؐ۔ اس کتاب میں ان تمام مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۵۰ر۱ روپے

انتخابِ حدیث: احادیث کا انتخاب۔ قیمت ۵ روپے

گلستانِ حدیث:

پیغمبرِ انسانیت:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**اسلام اور موسیقی**: اسلام موسیقی کے متعلق کیا کہتا ہے اور مسلمان اہل دل کا نظریہ اور رویہ اس کی نسبت کیا رہا ہے۔ قیمت ۳٫۷۵ روپے

**ازدواجی زندگی کے قانونی تجاویز**: قیمت ۱٫۲۵ روپے

**مسئلہ تعدد ازدواج**: قیمت ۱٫۷۵ روپے **تحدید نسل**: قیمت ۷۵ پیسے

**اجتہادی مسائل**: ہر دور کے لیے اجتہاد اور بصیرت کی ضرورت ہے جس میں بہت سے مسائل کا از سرنو جائزہ لینا ضروری ہوتا ہے۔ اس کتاب میں ایسے متعدد مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۴٫۵۰ روپے

**زیر دستوں کی آقائی**: مصر کے مشہور مفکر و ادیب طٰہٰ حسین کی معرکۃ الآرا کتاب "الوعد الحق" کا اردو ترجمہ۔ قیمت ۳٫۵۰ روپے۔

**الفخری**: یہ ساتویں صدی ہجری کے نامور مؤرخ ابن طقطقی کی تاریخ کا ترجمہ ہے۔ قیمت ۵٫۲۵ روپے

**اسلام اور فطرت**: قیمت ۲٫۲۵ روپے

## بشیر احمد ڈار ایم۔ اے

**حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق**: اس کتاب میں اسلام سے قبل کے حکماء کا تقابلی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ قیمت ۶ روپے۔

**تاریخ تصوف**: اس کتاب میں اسلام سے پہلے کے حکماء کے افکار و نظریات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ قیمت ۴٫۲۵ روپے۔

## مولانا رئیس احمد جعفری

**اسلام اور رواداری**: قرآن کریم اور حدیث نبوی کی روشنی میں بتایا گیا ہے کہ اسلام نے غیر مسلموں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا ہے اور انسانیت کے بنیادی حقوق ان کے لیے کس طرح اعتقاداً اور عملاً محفوظ کیے ہیں۔ قیمت حصہ اوّل ۷٫۲۵ روپے۔ حصہ دوم ۷٫۵۰ روپے۔

**سیاست شرعیہ**: سیاست شرعیہ میں قرآن، حدیث، آثار اور روایات صحیحہ کی روشنی میں اسلامی حکومت کی تشریح۔ قیمت ۵ روپے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**اسلام میں عدل و احسان:** قرآن پاک اور احادیث نبوی سے عدل و احسان کے بارے میں کیا معلوم ہوتا ہے۔ فقہائے اس کو کیا اہمیت دی ہے۔ مختلف زمانوں میں مسلمانوں نے ان کو کہاں تک اپنایا ہے۔ ان تمام مباحث پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ قیمت ۵۰ر۶ روپے

**تاریخ دولت فاطمیہ:** قیمت اخباری کاغذ ۹ روپے۔ سفید ۱۲ روپے

**شاہد حسین رزاقی ایم۔اے** ———

**تاریخ جمہوریت:** جمہوریت کی مکمل تاریخ۔ یہ کتاب پنجاب یونیورسٹی کے بی۔اے آنرز کے نصاب میں داخل ہے قیمت ۸ روپے

**انڈونیشیا:** انڈونیشیا کے ماضی و حال اور مستقبل کا نہایت واضح نقشہ اس کتاب کے مطالعہ سے نظروں کے سامنے آجاتا ہے۔ قیمت قسم اول ۱۰ روپے، قسم دوم ۷ روپے

**سر سید اور اصلاح معاشرہ:** معاشرہ کی اصلاح کے لیے سرسید کا منصوبہ کہاں تک کامیاب ہوا۔ یہ ہے موضوع کتاب قیمت ۲۵ر۴ روپے

**پاکستانی مسلمانوں کے رسوم و رواج:** قیمت اخباری کاغذ ۵۰ر۴ روپے۔ سفید کاغذ ۶ روپے

○ **اسلام کی بنیادی حقیقتیں:** اس کتاب میں ادارہ ثقافت اسلامیہ کے چند رفقاء نے اسلام کی بنیادی حقیقتوں پر بحث کی ہے قیمت ۲ روپے۔ **محمد مظہر الدین صدیقی** (سابق رفیق ادارہ) ——— **اسلام اور مذاہب عالم:** مذاہب عالم اور اسلام کا تقابلی مطالعہ قیمت ۵۰ر۴ روپے ○ **اسلام میں حیثیت نسواں:** قیمت ۵۰ر۳ روپے ○ **اسلام کا نظریۂ اخلاق:** قرآن اور احادیث کی روشنی میں اخلاقی تصورات اور ان کی تشریح قیمت ۲ روپے ○ **اسلام کا نظریۂ تاریخ:** قرآن کے پیش کردہ اصول تاریخ صرف گزشتہ اقوام کے لیے ہی نہیں بلکہ موجودہ قوموں کے لیے بھی بصیرت افروز ہیں۔ قیمت ۵۰ر۲ روپے ○ **اسلام کا معاشی نظریہ:** قیمت ۷۵ر۱ روپے

○ **دین فطرت:** دین فطرت سے کیا مراد ہے؟ اس کا جواب قرآنی تعلیمات کی روشنی میں دیا گیا ہے قیمت ۷۵ر۱ روپے

○ **عقائد و اعمال:** عقیدہ کی اہمیت اور نوعیت کی بحث۔ قیمت ۱ روپیہ ○ **مقام انسانیت:**

**خواجہ عباد اللہ اختر** (سابق رفیق ادارہ) ——— **مذاہب اسلامیہ:** مسلمانوں کے مختلف مذاہب اور فرقوں کا تفصیلی بیان، ان کے بانیوں کا ذکر اور تفرقہ کے اسباب پر بحث قیمت ۶ روپے ○ **بیدل:** قیمت ۵۰ر۷ روپے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

○ اسلام اور حقوقِ انسانی: قیمت ۱٫۵۰ روپے ○ اسلام میں حرّیت، مساوات اور اخوۃ: قیمت ۱٫۲۵ روپے۔ **محمد رفیع الدین** (سابق رفیق ادارہ) ——— قرآن اور علم جدید: قیمت ۶٫۵۰ روپے ○ اسلام کا نظریۂ تعلیم: قیمت ۱٫۵۰ روپے۔ **دیگر تصانیف** ——— ○ تہذیب و تمدن اسلامی: (رشید اختر ندوی) قیمت حصہ اول ۶ روپے، حصہ دوم ۷٫۵۰ روپے، حصہ سوم ۷ روپے ○ مسلم ثقافت ہندوستان میں: (عبد المجید سالک) قیمت ۱۲ روپے ○ مآثر لاہور (سید ہاشمی فرید آبادی) قیمت ۴ روپے۔ ○ مسلمانوں کے سیاسی افکار (رشید احمد) قیمت ۵٫۷۵ روپے ○ اقبال کا نظریۂ اخلاق (سعید احمد رفیق) قیمت مجلد ۴ روپے۔ غیر مجلد ۳ روپے ○ مسئلۂ زمین اور اسلام (شیخ محمود احمد) قیمت ۴٫۲۵ روپے ○ سکھ مسلم تاریخ (ابو الامان امرتسری) قیمت ۳٫۵۰ روپے ○ گرنتھ صاحب اور اسلام (ابو الامان امرتسری) قیمت ۶٫۵۰ روپے ○ اسلام اور تعمیر شخصیت (عبد الرشید) قیمت ۴٫۵۰ روپے ○ اسلامی اصول صحت (فضل کریم فارانی) قیمت ۳٫۵۰ روپے

**تراجم** ——— طب العرب (حکیم علی احمد نیر واسطی) ایڈورڈ جی براؤن کی انگریزی کتاب "عربین میڈیسن" کا ترجمہ مع تشریحات و تنقیدات قیمت ۷٫۵۰ روپے ○ ملفوظات رومی (عبد الرشید تبسم) یہ کتاب مولانا جلال الدین رومی کی "فیہ ما فیہ" کا اردو ترجمہ ہے جو ان کے بیش قیمت ملفوظات پر مشتمل ہے قیمت ۷٫۲۵ روپے ○ حیاتِ محمدؐ (ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی) مصر کے یگانۂ روزگار انشا پرداز محمد حسین ہیکل کی ضخیم کتاب کا سلیس ترجمہ قیمت ۲۲٫۵۰ روپے ○ فقہ عمرؓ (ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی) یہ کتاب شاہ ولی اللہ صاحب کی تالیف "رسالہ در مذہب فاروق اعظمؓ" کا ترجمہ ہے۔ قیمت ۴٫۷۵ روپے ○ تاریخ تعلیم و تربیت اسلامیہ: (محمد حسین زبیری) ڈاکٹر احمد شلبی مصری کی کتاب کا ترجمہ۔ یہ اسلامی عہد میں مسلمانوں کے تعلیمی اداروں کی مفصل تاریخ ہے۔ قیمت ۷ روپے ○ مجموعۂ تفاسیر ابو مسلم اصفہانی (رفیع اللہ۔ سید نصیر شاہ) قیمت ۳٫۵۰ روپے ○ موسیقی کی شرعی حیثیت (رفیع اللہ۔ سید نصیر شاہ) قیمت ۲ روپے۔

انگریزی کتب کی فہرست صفحہ ۲ پر ملاحظہ ہو

سیکریٹری ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**About Iqbal and His Thought** by *Professor M. M. Sharif.* Demy 8vo., pp. iv, 116. Rs. 5.00

**Islamic and Educational Studies** by *Professor M. M. Sharif.* Demy 8vo., pp. iv, 126. Rs. 5.00

**Studies in Aesthetics** by *Professor M. M. Sharif.* Demy 8vo., pp. xii, 219. Rs. 10.00

**National Integration and Other Essays** by *Professor M. M. Sharif.* Demy 8vo., pp. iv, 153. Rs. 6.00

**Islamic Ideology** by *Khalifa Abdul Hakim.* Demy 8vo., pp. xxiv, 350. Rs. 12.00

**Islam and Communism** by *Khalifa Abdul Hakim.* Demy 8vo., pp. xii, 263. Rs. 10.00

**Metaphysics of Rumi** by *Khalifa Abdul Hakim.* Demy 8vo., pp. viii, 157. Rs. 3.75

**Life and Work of Rumi** by *Afzal Iqbal.* Revised edition. Demy 8vo., pp. xv, 196 Rs. 10

**Fundamental Human Rights** by *Khalifa Abdul Hakim.* Demy 8vo., pp. 17. Re. 0.75

**Religious Thought of Sayyid Ahmad Khan** by *B. A. Dar.* Demy 8vo., pp. viii, 304. Rs. 10.00

**Qur'anic Ethics.** by *B. A. Dar.* Demy 8vo., pp. iv, 75. Rs. 2.50

**Iqbal's Gulshan-i-Raz-i-Jadid** by *B. A. Dar.* Demy 8vo., pp. x, 77. Rs. 3.00

**Development of Islamic State and Society** by *M. Mazheruddin Siddiqi.* Demy 8vo., pp. viii, 415. Rs. 12.00

**Women in Islam** by *M. Mazheruddin Siddiqi.* Demy 8vo., pp. vii, 182. Rs. 7.00

**Islam and Theocracy** by *M. Mazheruddin Siddiqi.* Demy 8vo., pp. 47. Rs. 1.75

**Diplomacy in Islam** by *Afzal Iqbal.* Demy 8vo., pp. xx, 156. Rs. 10.00

**Muhammad the Educator** by *Robert L. Gulick, Jr.* Demy 8vo., pp. 117. Rs. 4.25

**Some Aspects of Islamic Culture** by *Dr. S. M. Yusuf.* Royal 8vo., pp. iv, 48. Rs. 2.50

**Pilgrimage of Eternity,** Eng. tr. of Iqbal's *Javid Namah* by Mahmud Ahmad. Royal 8vo., pp. xxviii, 187. Rs. 12.00

**Key to the Door** by *Capt. Tariq Safina Pearce.* Royal 8vo., p. xii, 158. Rs. 7.50; Cheap edition: Rs. 4.50

**Fallacy of Marxism** by *Dr. Muhammad Rafiuddin.* Demy 8vo., pp. iv, 44. Re. 1.

**Islam in Africa** by *Professor Mahmud Brelvi.* Royal 8vo., pp. xxxvi, 655. Rs. 22.50

© rasailojaraid.com